KPK, PUBLIC SERVICE COMMISSION

Competitive Examination for the Posts of PMS, 2016

URDU PAPER-I

Time Allowed: 03 Hours **Max: Marks: 100**

82

﴾حصہ اول﴿

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر جامع مضمون قلمبند کیجیے: **(25)**

(ا) بچوں کا ادب اور عصری صورتحال

(ب) سرکاری زبان کی حیثیت سے اُردو کا نفاذ: اہمیت، مشکلات اور امکانات

(ج) ادیب کی نظریاتی وابستگی

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کوئی سے دو موضوعات پر مفصل نوٹ لکھیے: **(20)**

(ا) ایہام گوئی کی شعری روایت

(ب) اُردو تنقید کی روایت میں تذکروں کی اہمیت

(ج) مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری

سوال نمبر 3: موزوں عنوان کے ساتھ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے جو ایک تہائی سے زیادہ نہ ہو: **(15)**

''خلیفہ الناصر نے اپنی پوری توجہ اس بات پر مرکوز کر دی تھی کہ عوام اور حکومت دونوں کو زیادہ سے زیادہ اقتصادی فائدہ پہنچے اور محاصل کی زیادتی سے عوام کی کمر نہ ٹوٹے۔ کیونکہ اس سے پہلے ہی عوام پر نامناسب محاصل کا بڑا بوجھ تھا اور وہ تقریباً مالی طور پر بدحال ہو چکے تھے۔ خلیفہ نے ان کے بہت سے محاصل معاف کر دیے جس سے عوام نے اطمینان کا سانس لیا۔ چنانچہ جو محاصل حکومت کی طرف سے ان پر باقی تھے ان کی ادائیگی میں وہ کبھی کوتاہی نہ کرتے تھے۔ اُس دور میں اسپین کے ذرائع آمدنی بہت وسیع تھے۔ کہا جاتا ہے کہ مسلم اسپین دولت مندی اور آمدنی کے لحاظ سے اُس وقت دنیا کا امیر ترین ملک تھا۔ ابن اثیر کی تحریر کے مطابق ''۵۴ لاکھ اسی (۸۰) ہزار دینار'' اسپین کا خراج تھا۔ بازاروں کی آمدنی سات لاکھ ۶۵ ہزار دینار تھی۔ باقی رہا مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ وہ شمار سے باہر تھا۔ ایک رپورٹ کے مطابق درآمد اور برآمد کے مال پر جو محصول لیا جاتا تھا وہ ملک کی مجموعی مالیت کا بڑا حصہ تھا۔ جو آمدنی غیر مسلموں سے وصول کی جاتی تھی وہ صرفِ خاص میں آتی تھی اور ذاتی خزانے میں داخل ہوتی تھی۔ اس آمدنی کو خلیفہ الناصر تین حصوں میں تقسیم کرتا تھا۔ ایک حصہ فوج اور سامانِ جنگ پر خرچ کیا جاتا تھا۔ دوسرا حصہ تعمیرات پر لگتا تھا۔ باقی حصہ بیت المال میں جمع کیا جاتا تھا۔''

﴾حصہ دوم﴿

نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالوں کے جوابات تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: بیسویں صدی کے کوئی سے چار ایسے ادبی رسائل کی خدمات پر روشنی ڈالیں جو تقسیمِ ہند سے پہلے سے شائع ہو رہے ہوں۔ **(20)**

سوال نمبر 5: ''ہندوستان پر مسلمانوں کی فتوحات کا آغاز نہ بھی ہوتا تو بھی موجودہ زبانیں اور بالخصوص اُردو لسانی ارتقا کے فطری سفر میں اپنے وقت پر تشکیل پذیر ضرور ہوتی''۔ اُردو کے لسانی ارتقا کی تاریخ کی روشنی میں اس خیال کی تائید یا تردید کریں۔ **(20)**

سوال نمبر 6: مستنصر حسین تارڑ کے حالیہ صدی میں منظرِ عام پر آنے والے ناولوں کا موضوعاتی جائزہ لیں۔ **(20)**

سوال نمبر ۷: ترقی پسند ادبی تحریک کو سرسید تحریک کا تسلسل سمجھا جانا چاہیے؛ اس رائے کی دلائل کے ساتھ تائید یا تردید کریں۔ **(20)**

سوال نمبر ۸: ڈاکٹر جاوید اقبال کی اپنی خودنوشت 'اپنا گریباں چاک' میں علامہ اقبال کی شخصیت کا جو خاکہ پیش کیا ہے وہ دیگر اقبال شناسوں کے ہاں موجود علامہ اقبالؒ کی تصویر سے کس طرح مختلف ہے؟ وضاحت کریں۔ **(20)**